ایمرجنگ ویمنز ایشیا کپ: بنگلہ دیش نے سیمی فائنل میں پاکستان کو 6 رنز سے ہرا دیا، فائنل میں انڈیا اے سے مقابلہ ہو گا

ہانگ کانگ 20 جون، 2023

بنگلہ دیش اے نے ہانگ کانگ میں جاری اے سی سی ایمرجنگ ویمنز ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پاکستان ایمرجنگ کو 6 رنز سے شکست دیدی۔

بدھ کے روز ہونے والے فائنل میں بنگلہ دیش کا مقابلہ انڈیا اے سے ہو گا۔

انڈیا اے اور سری لنکا کے درمیان پہلا سیمی فائنل گیلی آوٹ فیلڈ کے سبب ممکن نہ ہو سکا۔ انڈیا اے نے چونکہ اپنے گروپ میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی لہذا اس نے فائنل میں جگہ بنالی۔

پاکستان ایمرجنگ اور بنگلہ دیش کے درمیان کھیلے گئے سیمی فائنل کو 9 اوورز تک محدود کر دیا گیا تھا۔ بنگلہ دیشی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور مقررہ 9 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 59 رنز بنائے۔

جواب میں پاکستان ایمرجنگ 9 اوورز میں 4 وکٹوں پر 53 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔

ایک موقع پر بنگلہ دیش کی 6 وکٹیں صرف 16 رنز پر گر چکی تھیں لیکن پھر ناہیدہ اختر اور ربیعہ خان نے ساتویں وکٹ کی شراکت میں قیمتی 37 رنز کا اضافہ کیا۔

ناہیدہ اختر نے تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 21 رنز اسکور کیے۔ ربیعہ خان 10 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔

فاطمہ ثنا نے 2 اوورز میں صرف 10 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

انوشے ناصر نے 2 اوورز میں 6 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان ایمرجنگ کی اننگز میں ایمان فاطمہ اور شوال ذوالفقار نے چار اوورز میں 26 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ ایمان فاطمہ ایک چھکے اور دو چوکوں کی مدد سے 18 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں لیکن پھر پاکستان ایمرجنگ کی چار وکٹیں 21 رنز کے اضافے پر گر گئیں۔ شوال ذوالفقار نے 11 رنز بنائے۔ فاطمہ ثنا نے 10 رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہیں۔

ربیعہ خان نے 13 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

بنگلہ دیش۔ 59 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (9 اوورز)۔ ناہیدہ اختر۔ فاطمہ ثنا 10 / 3 وکٹ۔ انوشے ناصر 6 / 2 وکٹ۔

پاکستان ایمرجنگ۔ 53 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ (9 اوورز)۔ ایمان فاطمہ 18۔ ربیعہ خان 13 / 2 وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial